قرارداد نمبر 98 منجانب میر ذابد علی ریکی رکن، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

ہرگاہ کہ بلوچستان جو رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور پسماندہ صوبہ ہے کی آبادی منتشر اور دور دراز علاقوں تک پھیلی ہوئی ہے میں تاحال پی ڈی ایم اے کے ذیلی دفاتر/سنٹرز کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا ہے اس لیے قدرتی آفات اور حادثات رونما ہونے کی صورت میں لوگوں کو ایک بڑے پیمانے پر مالی و جانی نقصانات اُٹھانا پڑتے ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر صوبہ کے تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز اور تحصیل کی سطح پر بالعموم اور ضلع واشک میں بالخصوص پی ڈی ایم اے کے ذیلی دفاتر/سنٹرز کے قیام کو یقینی بنائے تا کہ کسی بھی آفت اور ہنگامی صورتحال میں لوگوں کی مدد اور دادرسی کی جا سکے۔

☆<><><><><><><><><>☆

24-2-2021